کالج کے بڑے خوابوں کے لئے چھوٹے اقدامات

NYC KiDS RiSE™
Save for College Program

Save for College Program (کالج کے لیے بچت پروگرام) اور عوامی فوائد

آپ کا NYC اسکالر شپ اکاؤنٹ

چونکہ NYC اسکالر شپ اکاؤنٹ NYC Kids RISE کی زیر ملکیت اور زیر انتظام ہے، لہذا **NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود پیسہ اکاؤنٹ میں رکھے رہنے کے دوران موجودہ یا آئندہ عوامی فوائد کو متاثر نہیں کرے گا۔** NYC Kids RISE آئندہ سالوں میں اس بارے میں مزید معلومات فراہم کرے گا کہ طالب علم کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود پیسے کو خرچ کرنے سے کالج میں طالب علم کے پہنچنے پر ان کے عوامی فوائد کس طرح متاثر ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، NYC Kids RISE کی ہاٹ لائن کو (833-543-7473) 833-KID-RISE پر کال کریں یا **nyckidsrise.org** ملاحظہ کریں۔

آپ کا اپنا کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ

کالج کے لیے بچت کرنے کے بہت سارے طریقے اور کالج کے لیے بچت اکاؤنٹس کی بہت ساری مختلف قسمیں ہیں۔ کالج کے لیے بچت پروگرام آپ کے لیے کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ کھولنے کے دو اختیارات میں سے ایک کا موقع پیش کرتا ہے جس کو آپ کے بچے کے اسکالرشپ اکاؤنٹ سے مربوط کیا جا سکتا ہے:

اس دستاویز میں اس بارے میں معلومات درج ہیں کہ ان میں سے ہر ایک قسم کا اکاؤنٹ کھولنے اور اس میں پیسے جمع کرانے سے عوامی فوائد کے لیے **آپ کی** اہلیت (اکاؤنٹ مالک) کس طرح متاثر ہو سکتی ہے۔ یہ کالج میں بچے کے پہنچ جانے پر ان کے اپنے عوامی فوائد پر پڑنے والے امکانی اثر کو نہیں بیان کرتا ہے۔

NYC Kids RISE سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا ہے یا کسی مخصوص قسم کے کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ کی تجویز پیش نہیں کرتا ہے۔ ہر فیملی کے مالی حالات مختلف ہوتے ہیں اور بچت یا سرمایہ کاری سے قبل آپ کو خود اپنے حالات پر غور کرنا چاہیے۔

کالج کے لیے بچت پروگرام کی معرفت آپ اپنے لیے دستیاب کالج کے لیے بچت کے اختیارات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، nyckidsrise.org/options ملاحظہ کریں۔

خلاصہ

براہ کرم ذیل کی معلومات کو پڑھ کر سمجھ لیں کہ آپ کی فیملی کے عوامی فوائد کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ کے ہر دو اختیارات سے کس طرح متاثر ہو سکتے ہیں۔ ذیل کے جدول میں وہ افراد بھی درج ہیں جن سے مزید معلومات کے لیے رابطہ کرنا ہے۔ نوٹ کر لیں کہ وسیلے کی حد کی رقم اور دیگر اصول وقت گزرنے پر تبدیل ہو سکتے ہیں۔ **ذیل کے رابطے کی معلومات کا استعمال کرتے ہوئے بینیفٹس ایجنسی سے رابطہ کر کے ان میں سے ہر فائدے کے لیے موجودہ وسیلے کی حد کے بارے میں مزید جانیں۔**

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ یا خود اپنے کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ میں پیسے رکھنے یا جمع کرانے سے درج ذیل فوائد پر **کوئی اثر نہیں** پڑے گا:

- WIC (خواتین، شیر خوار اور بچوں کے لیے خصوصی تکملاتی تغذیاتی پروگرام)
- مفت اور کم قیمت پر لنچ
- Medicare اور Medicare Savings Plus
- سوشل سیکورٹی معذوری بیمہ (Social Security Disability Insurance, SSDI)
- کم آمدنی کے سبب گھریلو توانائی میں اعانت پروگرام (Low Income Home Energy Assistance Program, LIHEAP)
- بچوں کا صحت بیمہ پروگرام (Children's Health Insurance Program, CHIP)

خود اپنے کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ میں پیسے رکھنے یا جمع کرانے سے درج ذیل فوائد پر ایک **امکانی اثر** پڑتا ہے:

- نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority, NYCHA) کی رہائش
- NYCHA کا سیکشن 8 پروگرام
- سستی رہائش (NYC محکمہ برائے ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ یا ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کی جانب سے سبسڈی یافتہ رہائش)
- Medicaid
- ایمرجنسی LIHEAP
- عوامی اعانت (ضرورتمند خاندانوں کے لیے عارضی اعانت (Temporary Assistance for Needy Families, TANF)، نقد اعانت، فلاح و بہبود، فیملی کی اعانت، یا حفاظتی نیٹ کی اعانت)
- فوڈ اسٹیمپس/SNAP

یہ دیکھنے میں دلچسپی رکھتے ہیں کہ کون سے فوائد آپ کو نہیں مل سکتے ہیں لیکن آپ ان کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں؟ https://access/nyc.gov ملاحظہ کریں۔

PubBen_EN
اکتوبر 2021

FOUNDATION gray

NYC Office of the Mayor | Department of Education

NYC KiDS RiSE™

نوٹ کر لیں کہ اگلے صفحات پر درج معلومات آپ اور آپ کی فیملی کے لیے تبدیل ہو سکتی ہیں، اس لحاظ سے کہ آیا آپ کو فی الحال کوئی فائدہ مل رہا ہے یا آیا آپ مستقبل میں کسی فائدے کے لیے درخواست دے رہے ہیں۔

اضافی معلومات کے لیے، براہ کرم ذیل کے جدول سے رجوع کریں۔

فوائد	کیا 529 اکاؤنٹ میں موجود بچتوں سے میرا فائدہ متاثر ہوگا؟	کیا بینک کے بچت اکاؤنٹ میں موجود بچتوں سے یہ فائدہ متاثر ہوگا؟	فوائد کی اعانت کے لیے میں کس سے رابطہ کر سکتا ہوں؟
WIC (خواتین، شیر خوار اور بچوں کے لیے خصوصی تکملاتی تغذیاتی پروگرام)	**نہیں** - WIC کی اہلیت کے تعین کے لیے وسیلے کی کوئی جانچ نہیں ہے۔	**نہیں** - WIC کی اہلیت کے تعین کے لیے وسیلے کی کوئی جانچ نہیں ہے۔	معلوماتی ہاٹ لائن کو 800-522-5006 پر کال کریں
مفت اور کم قیمت پر لنچ	**نہیں**	**نہیں**	لنچ NYC پبلک اسکول کے تمام طلبہ کے لیے مفت ہے۔
Medicare اور Medicare سیونگز پلانز	نہیں - Medicare ذرائع کا جانچ شدہ فائدہ نہیں ہے اور اس میں وسیلے کی جانچ نہیں ہوتی ہے۔	نہیں - Medicare ذرائع کا جانچ شدہ فائدہ نہیں ہے اور اس میں وسیلے کی جانچ نہیں ہوتی ہے۔	معلوماتی ہاٹ لائن کو 718-557-1399 پر کال کریں
SSDI/معذوری (سوشل سیکورٹی معذوری بیمہ)	**نہیں** - SSDI ذرائع کا جانچ شدہ فائدہ نہیں ہے اور نتیجتاً اس میں وسیلے کی جانچ نہیں ہوتی ہے۔	**نہیں** - SSDI ذرائع کا جانچ شدہ فائدہ نہیں ہے اور نتیجتاً اس میں وسیلے کی جانچ نہیں ہوتی ہے۔	اپنے مقامی دفتر سے رابطہ قائم کرنے کے لیے، براہ کرم ملکی ہاٹ لائن کو 800-772-1213 پر کال کریں
کم آمدنی کے سبب گھریلو توانائی میں اعانت پروگرام (LIHEAP)	**نہیں** - LIHEAP کی اہلیت کے تعین کے لیے وسیلے کی کوئی جانچ نہیں ہے۔	**نہیں** - LIHEAP کی اہلیت کے تعین کے لیے وسیلے کی کوئی جانچ نہیں ہے۔	HEAP کے بارے میں اگر آپ کا کوئی سوال ہے تو HEAP انفولائن کو 800-692-0557 پر یا آپریٹر کی اعانت کے لیے 212-331-3126 پر کال کریں۔ اگر آپ کو اپنی حرارت کا بل ادا کرنے میں پریشانی ہو یا اگر آپ گھر تک محدود ہوں اور آپ کو HEAP میں اعانت درکار ہو تو ہیٹ لائن کو 212-331-3150 پر کال کریں۔
ہنگامی کم آمدنی کے سبب گھریلو توانائی میں اعانت پروگرام (LIHEAP)	**امکانی طور پر** - اس اکاؤنٹ میں موجود بچتیں وسیلہ کے بطور شمار ہوتی ہیں اور یہ فائدہ متاثر ہو سکتا ہے۔ ہنگامی LIHEAP موصول کرنے کے لیے، گھرانوں کو وسائل میں $2,000 تک اور اگر کسی گھرانے کے ممبر کی عمر 60 سال سے زائد ہو تو $3,000 تک کی اجازت ہے۔	**امکانی طور پر** - اس اکاؤنٹ میں موجود بچتیں وسیلہ کے بطور شمار ہوتی ہیں اور یہ فائدہ متاثر ہو سکتا ہے۔ ہنگامی LIHEAP موصول کرنے کے لیے، گھرانوں کو وسائل میں $2,000 تک اور اگر کسی گھرانے کے ممبر کی عمر 60 سال سے زائد ہو تو $3,000 تک کی اجازت ہے۔	HEAP کے بارے میں اگر آپ کا کوئی سوال ہے تو HEAP انفولائن کو 800-692-0557 پر یا آپریٹر کی اعانت کے لیے 212-331-3126 پر کال کریں۔ اگر آپ کو اپنی حرارت کا بل ادا کرنے میں پریشانی ہو یا اگر آپ گھر تک محدود ہوں اور آپ کو HEAP میں اعانت درکار ہو تو ہیٹ لائن کو 212-331-3150 پر کال کریں۔
نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی کی رہائش (NYCHA)	**نہیں** - 529 اکاؤنٹ میں موجود بچتوں کی کل رقم کو ***نہیں*** شمار کیا جاتا ہے۔ NYCHA آپ کی آمدنی کے ضمن میں 529 اکاؤنٹ میں ملنے والے از خود رپورٹ کردہ سود کو شمار ***نہیں کرے گی***۔	**امکانی طور پر** - بینک اکاؤنٹ میں موجود بچتوں کی کل رقم کو ***نہیں*** شمار کیا جاتا ہے۔ تاہم، NYCHA آپ کی آمدنی کے ضمن میں روایتی بچت اکاؤنٹ میں ملنے والے از خود رپورٹ کردہ سود کو ***شمار کر سکتی ہے***۔	NYCHA کا کسٹمر کنٹیکٹ سنٹر 718-707-7771

فوائد	کیا 529 اکاؤنٹ میں موجود بچتوں سے میرا فائدہ متاثر ہوگا؟	کیا بینک کے بچت اکاؤنٹ میں موجود بچتوں سے یہ فائدہ متاثر ہوگا؟	فوائد کی اعانت کے لیے میں کس سے رابطہ کر سکتا ہوں؟
نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (NYCHA) کا سیکشن 8 پروگرام	**نہیں** - 529 اکاؤنٹ میں موجود بچتوں کی کل رقم کو ***نہیں*** شمار کیا جاتا ہے۔ NYCHA آپ کی آمدنی کے ضمن میں 529 اکاؤنٹ میں ملنے والے از خود رپورٹ کردہ سود کو ***شمار نہیں کرے گی***۔	**امکانی طور پر** - بینک اکاؤنٹ میں موجود بچتوں کی کل رقم کو ***نہیں*** شمار کیا جاتا ہے۔ تاہم، NYCHA آپ کی آمدنی کے ضمن میں روایتی بچت اکاؤنٹ میں ملنے والے از خود رپورٹ کردہ سود کو ***شمار کر سکتی ہے***۔	NYCHA کا کسٹمر کنٹیکٹ سنٹر 718-707-7771
سستی رہائش (NYC محکمہ برائے ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ یا ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کی جانب سے سبسڈی یافتہ رہائش)	**امکانی طور پر** - آپ کے 529 اکاؤنٹ کا بیلنس اثاثہ کی حد کے ضمن میں شمار نہیں ہوتا ہے۔ (یہ نوٹ کر لینا ضروری ہے کہ 529 اکاؤنٹ میں موجود بچتیں اثاثہ کی حد کے ضمن میں شمار نہیں ہوتی ہیں، جبکہ بینک اکاؤنٹ میں موجود بچتیں شمار ہوتی ہیں۔) تاہم، آپ کے 529 اکاؤنٹ میں کمایا ہوا کوئی سود آپ کی آمدنی کے حساب کتاب میں شمار ہوگا۔ اگر آپ کے سبھی اثاثوں[1] کی مالیت $5,000 سے کم ہے تو ان پر ملنے والے سود کو آپ کی آمدنی کے ضمن میں شمار کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کے سبھی اثاثوں کی مالیت $5,000 سے زیادہ ہے تو یا تو اس پر ملنے والا سود یا ان کی مالیت کا 0.06%، جو بھی رقم زیادہ ہو اسے آپ کی آمدنی میں شامل کیا جاتا ہے۔	**امکانی طور پر** - دو ایسے طریقے ہیں جن کے ذریعے بینک اکاؤنٹ میں موجود بچتیں سستی رہائش کے لیے آپ کی اہلیت کو متاثر کر سکتی ہیں۔ بچت اکاؤنٹ کی کل مالیت قابل اطلاق اثاثہ کی حد کے ضمن میں شمار ہوگی۔ تمثیلی طور پر، اثاثہ کی حد آپ کی کل گھریلو آمدنی کے لگ بھگ ایک سال کے برابر ہے۔ نیز اگر آپ کے سبھی اثاثوں کی مالیت $5,000 سے کم ہے تو ان پر ملنے والے سود کو آپ کی آمدنی کے ضمن میں شمار کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کے سبھی اثاثوں کی مالیت $5,000 سے زیادہ ہے تو یا تو اس پر ملنے والا سود یا ان کی مالیت کا 0.06%، جو بھی رقم زیادہ ہو اسے آپ کی آمدنی میں شامل کیا جاتا ہے۔	NYC ہاؤسنگ کنیکٹ 212-863-7990
نیو یارک کا بچوں کی صحت بیمہ کا پروگرام (Children's Health Insurance Program, CHIP)، چائلڈ ہیلتھ پلس (Child Health Plus, CHPlus)	**نہیں** - CHPlus کی اہلیت کے تعین کے لیے وسیلے کی کوئی جانچ نہیں ہے۔	**نہیں** - CHPlus کی اہلیت کے تعین کے لیے وسیلے کی کوئی جانچ نہیں ہے۔	چائلڈ ہیلتھ پلس کی معلوماتی لائن: 800-698-4543 TTY 877-898-5849
Medicaid	**امکانی طور پر**، - بچوں، منحصر بچے کے والدین، یا حاملہ صارفین MAGI گروپ) کے لیے Medicaid کے وسیلے کی کوئی حد نہیں ہے۔ نابینا، معذور یا 65 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد (نان MAGI) کے لیے وسیلے کی حدود ہیں۔ مخصوص نان MAGI گروپس وسیلے کی جانچ سے (جیسے، 21 ADC سے متعلقہ کے تحت) مستثنی ہیں۔ یہ وسیلے کی جانچ اہلیت اور گھرانے کے سائز کے زمرہ کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔	**امکانی طور پر** - والدین اور حاملہ صارفین کے لیے Medicaid کے وسیلے کی کوئی حد نہیں ہے۔ نابینا، معذور یا 65 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کے لیے وسیلے کی حدود ہیں۔ لُک بیک کی مدت (Medicaid کی درخواست سے قبل پانچ سال) کے اندر نکاسی سے Medicaid کی ادائیگیوں کی واپسی میں تاخیر ہو سکتی ہے۔ Medicaid کے لیے اہل ہونے سے قبل اس اکاؤنٹ کو خرچ کر دینا پڑ سکتا ہے۔	نابینا، معذور یا 65 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کے لیے اور جو لوگ HRA کی نقد اعانت پروگرام کی معرفت اپنا Medicaid موصول کرتے ہیں ان کے لیے: Medicaid ہیلپ لائن 888-692-6116 NYS ہیلتھ ایکسچنج (NYS Health Exchange) کے کلائنٹس کے لیے: NYS محکمہ صحت (NYS Department of Health) 855-355-5777 800-662-1220 (TTY)

فوائد	کیا 529 اکاؤنٹ میں موجود بچتوں سے میرا فائدہ متاثر ہوگا؟	کیا بینک کے بچت اکاؤنٹ میں موجود بچتوں سے یہ فائدہ متاثر ہوگا؟	فوائد کی اعانت کے لیے میں کس سے رابطہ کر سکتا ہوں؟
Medicaid (جاری)	لُک بیک کی مدت (Medicaid کی درخواست سے قبل پانچ سال) کے اندر نکاسی سے Medicaid کی ادائیگیوں کی واپسی میں تاخیر ہو سکتی ہے۔ Medicaid کے لیے اہل ہونے سے قبل اس اکاؤنٹ کو خرچ کر دینا پڑ سکتا ہے۔		نابینا، معذور یا 65 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کے لیے اور جو لوگ HRA کی نقد اعانت پروگرام کی معرفت اپنا Medicaid موصول کرتے ہیں ان کے لیے: Medicaid ہیلپ لائن 888-692-6116 NYS ہیلتھ ایکسچنج (NYS Health Exchange) کے کلائنٹس کے لیے: NYS محکمۂ صحت (NYS Department of Health) 855-355-5777 800-662-1220 (TTY)
فوڈ اسٹیمپس/SNAP	**نہیں** - 529 اکاؤنٹ میں موجود فنڈز وسیلے کی حد کی جانچ کے ضمن میں شمار کیے جانے سے مستثنی ہیں۔	**شاید نہیں** - چونکہ SNAP والے گھرانوں کی ایک معمولی سی تعداد ہی وسیلے کی جانچ کی مستوجب ہے، لہٰذا بچت اکاؤنٹ رکھنے سے SNAP کی فائدے کی اہلیت یا SNAP والے گھرانوں کی ایک بڑی اکثریت کے لیے فائدے کی سطح متاثر نہیں ہوگی۔	NYC SNAP بینیفٹس ہیلپ لائن کے لیے فوڈ بینک 212-894-8060
عوامی اعانت (ضرورتمند خاندانوں کے لیے عارضی اعانت/TANFw، نقد اعانت، فلاح و بہبود، فیملی کی اعانت، یا حفاظتی نیٹ کی اعانت)	**نہیں** - چونکہ یہ اکاؤنٹ تعلیمی ضروریات کے لیے ادائیگی کرنے کے واحد مقصد سے تشکیل دیا گیا ہے اور اسے کسی دیگر مقاصد سے استعمال نہیں کیا جا سکتا، لہذا فنڈز وسیلے کی حد کی جانچ سے مستثنی ہیں۔	**امکانی طور پر** - فیملیز کو ایک علیحدہ بچت اکاؤنٹ میں $1,400 تک کی اجازت ہے جو دو سالہ یا چار سالہ کالج میں کلی طور پر ٹیوشن کے لیے وقف ہو نیز اس میں موجود فنڈز وسیلے کی جانچ کے ضمن میں شمار نہیں ہوتے ہوں۔ اگر بچتیں دیگر مقاصد کے لیے استعمال کی جاتی ہیں تو اکاؤنٹ کی پوری رقم وسیلے کی جانچ کے ضمن میں شمار ہوگی اور اس سے فوائد متاثر ہو سکتے ہیں۔[3]	ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration, HRA) ہیلپ لائن 718-557-1399
سپلیمینٹل سیکورٹی انکم (Supplemental Security Income, SSI) براہ کرم نوٹ کر لیں: 18 سال سے کم عمر کے بچے خود سے SSDI موصول نہیں کر سکتے ہیں۔ اسے ضمنی فائدہ مانا جائے گا۔ ضمنی فائدہ اجرت کمانے والا وہ فرد ہوتا ہے جسے فی الحال SSDI بینیفٹز یا ریٹائرمنٹ موصول ہو رہے ہیں، ان کا نابالغ بچہ اس طرح کے فائدے کا مستحق ہوگا۔	**ہاں** - اس اکاؤنٹ میں موجود بچتیں وسیلہ کے بطور شمار ہوتی ہیں اور ان سے اہلیت متاثر ہو سکتی ہے۔ SSI موصول کرنے کے لیے، افراد کو وسائل میں فی ماہ $2,000 تک کی اور جوڑوں کو وسائل میں فی ماہ $3,000 تک کی اجازت ہے، الّا یہ کہ پیسہ کسی ABLE اکاؤنٹ میں انویسٹ کیا گیا ہو۔[4]	**ہاں** - اس اکاؤنٹ میں موجود بچتیں وسیلہ کے بطور شمار ہوتی ہیں اور ان سے اہلیت متاثر ہو سکتی ہے۔ SSI موصول کرنے کے لیے، افراد کو وسائل میں فی ماہ $2,000 تک کی اور جوڑوں کو وسائل میں فی ماہ $3,000 تک کی اجازت ہے۔	اپنے مقامی دفتر سے رابطہ قائم کرنے کے لیے، براہ کرم ملکی ہاٹ لائن کو 800-772-1213 پر کال کریں

[1] اس میں اس اکاؤنٹ میں موجود سارا پیسہ اور آپ کے پاس جو کوئی دیگر بچتیں اور اثاثے ہو سکتے ہیں وہ سبھی شامل ہیں۔

[2] اس میں اس اکاؤنٹ میں موجود سارا پیسہ اور آپ کے پاس جو کوئی دیگر بچتیں اور اثاثے ہو سکتے ہیں وہ سبھی شامل ہیں۔

[3] جو فیملیز عوامی اعانت کے لیے درخواست دے رہی ہیں، بشمول جن فیملیز کو اس سے پہلے عوامی اعانت موصول ہوئی ہے اور جو دوبارہ درخواست دے رہی ہیں، جن کے پاس کوئی بچت ہو چاہے وہ ٹیوشن کے لیے ہو یا نہ ہو، انہیں وسیلے کی جانچ میں پاس کرنا ہوگا۔ اگر آپ کے پاس اثاثہ کی مد میں $2,000 (یا اگر کسی کی عمر 60 سال یا زائد ہو تو $3,000) سے زائد ہے تو آپ عوامی اعانت کے لیے اہل نہیں ہو سکتے ہیں۔

[4] ABLE اکاؤنٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں https://www.ablenrc.org/what-is-able/what-are-able-acounts/